Ref:221202

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

مدنی قافلے کے اہداف

- **ہاتھوں ہاتھ مدنی قافلہ**: ایک کامیاب مدنی قافلے کے لیے بالخصوص ان **3 پوائنٹس کو پیشِ نظر** رکھا جائے: (1) جہاں مدنی قافلہ جائے وہاں سے مدنی قافلہ سفر کروایا جائے۔ (2) مدنی قافلے میں سفر کرنے والوں میں سے ہر ایک کا ذہن بن جائے کہ مجھے ہر ماہ کم از کم 3 دن کے مدنی قافلے میں تو سفر کرنا ہی ہے۔ (3) مدنی قافلے والے جب واپس اپنے علاقے/شہر میں آئیں تو اپنے آپ کو دینی کاموں میں عملی طور پر مصروف رکھیں۔
- جس مسجد میں مدنی قافلہ پہنچے، وہاں سے ہاتھوں ہاتھ مدنی قافلہ سفر کروانے کی بھرپور کوشش کی جائے۔ اگر پہلے دن سے ہی اس کے لیے اِنفرادی کوشش شروع کر دی جائے تو آخری دن مدنی قافلہ سفر ہو سکتا ہے۔ **ہدف: کم از کم 1 مدنی قافلہ ہاتھوں ہاتھ**
- **نمازیوں کی تعداد میں اضافہ**: دعوتِ اسلامی مسجد بھرو تحریک ہے، مدنی قافلے کے عاشقانِ رسول اس مسجد کے نمازیوں کی تعداد بڑھانے کی بھرپور کوشش کریں۔ **نئے نمازی تیار کرنے کا ہدف: کم از کم 12**
- **مسجد درس**: مسجد درس کی برکت سے دعوت اسلامی سے محبت کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوگا، بلکہ انفرادی کوشش سے دیگر دینی کاموں کے لیے بھی نمازی تیار ہو جائیں گے، اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم۔
- مدنی قافلہ جس مسجد میں پہنچے وہاں اگر مسجد درس نہیں ہوتا تو شروع کروایا جائے اور اگر پہلے سے ہوتا ہے تو قریبی کسی اور مسجد یا چوک پر چوک درس شروع کروایا جائے۔ **نیا درس شروع کرنے کا ہدف: کم از کم 1 درس**
- **ہفتہ وار اجتماع**: مدنی قافلے والی مسجد سے ہفتہ وار اجتماع کے لئے گاڑی چلوانے کا اہتمام کروایا جائے، باقاعدہ وہاں کے مقامی ذمہ داران کے ذریعہ کسی ایک کو اجتماع کی گاڑی کا ذمہ دار بھی مقرر کیا جائے تو بہتر ہے۔ **ہدف: 1 گاڑی یا کم از کم 12 اسلامی بھائی**
- **ہفتہ وار مدنی مذاکرہ**: جہاں مدنی قافلہ پہنچے وہاں قریب کسی عاشقِ رسول کے گھر میں یا مدرسۃ المدینہ/جامعۃ المدینہ میں ہفتہ وار مدنی مذاکرہ اجتماعی طور پر دیکھنے کا اہتمام کیا جائے۔ **شرکائے مدنی مذاکرہ کا ہدف: کم از کم 12**
- **مدرسۃ المدینہ بالغان**: مدنی قافلے والی مسجد میں اگر مدرسۃ المدینہ بالغان نہیں لگتا تو شروع کروایا جائے، اُس مسجد کے امام صاحب کو بھی مدرسۃ المدینہ بالغان پڑھانے کی ترغیب دِلائی جا سکتی ہے۔ **ہدف: 1 مدرسۃ المدینہ بالغان یا کم از کم 5 شرکاء**
- **علاقائی دورہ**: "دعوتِ اسلامی کی بقا مدنی قافلوں میں ہے اور مدنی قافلوں کی بقا علاقائی دورہ میں ہے، اسی طرح علاقائی دورہ مدنی قافلوں کو چلانے کی مشین ہے"۔ اس مسجد میں ہفتہ وار علاقائی دورہ شروع کروانے کی کوشش کی جائے۔ اس کی برکت سے مدنی قافلوں کی تیاری میں مدد ملے گی۔ **ہدف**: علاقائی دورے کی 3 رکنی مجلس کا قیام یا کم از کم ایک ذمہ دار مقرر کرنا
- **نیّتیں لکھنا**: مدنی قافلے والے ہر اسلامی بھائی کے پاس پیڈ اور پین (Pen)/پنسل ہونی چاہئے، درس و بیان کے بعد انفرادی کوشش میں اچھی اچھی نیّتیں کروائی جائیں اور نام، رابطہ نمبر وغیرہ لکھے جائیں۔ **اچھی اچھی نیتیں لکھنے کا ہدف: روزانہ کم از کم 2 اسلامی بھائی**
- **شخصیات و اہلِ محبت سے ملاقات و انفرادی کوشش**: مدنی قافلے کے جدول (Schedule) میں انفرادی کوشش کے وقت شخصیات و اہلِ محبت سے ملاقات کی جائے، انہیں دعوت اسلامی کے مختلف شعبہ جات کا تعارف کروایا جائے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ ہو کر دینی کاموں میں عملی طور پر شامل ہونے کا ذہن بنایا جائے۔ اُس مسجد کے امام صاحب، مؤذن اور مسجد کمیٹی کے اراکین سے بالخصوص ملاقات کی جائے، موقع کی مناسبت سے تحائف (رسائل/عطر/تسبیح وغیرہ) دیے جائیں۔ **شخصیات و اہلِ محبت سے ملاقات کا ہدف: کم از کم 12**
- **مسجد کی صفائی**: اُمُّ الْمُؤمِنِین حضرتِ عائشہ صِدّیقہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا رِوایت فرماتی ہیں: حضورِ پُرنور، شافِعِ یومُ النُّشُور صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے محلّوں میں مسجدیں بنانے کا حکم دیا اور یہ کہ وہ صاف اور خوشبودار رکھی جائیں۔ (ابوداؤد ج1 ص197 حدیث 455)
- مدنی قافلے کے آخری دن **نماز کے احکام کے حلقے کے بعد** (بعدِ ظہر) مسجد کی صفائی کا اہتمام کیا جائے۔

شعبہ مدنی قافلہ

پاکستان مشاورت آفس 20 جمادی الاولیٰ 1444ھ/15 دسمبر 2022ء

Pakistan Mushawrat Office (DawateIslami)